11.04.2025

21.15 Hrs.

HL

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ رحمٰن

(Music)

--------------------------------

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ حکومت کی پالیسی، خدمت کے جذبے اور غریبوں اور محروم طبقوں کو خوشحال بنانے کے عہد کی ہے۔

☆ BJP اور AIADMK نے تمل ناڈو آسمبلی انتخابات 2026 کے لیے اتحاد کا اعلان کیا ہے۔

☆ جموں کشمیر ماس موومینٹ تنظیم حریت سے الگ ہوگئی ہے۔ وزیر داخلہ امت شاہ نے اسے ایک بھارت سریشٹھ بھارت کے ویژن کی کامیابی سے تعبیر کیا ہے۔

☆ DRDO نے Sukhoi-30 MKI طیارے سے طویل دوری کے گلائڈ بم Gaurav کی کامیابی کے ساتھ مشق انجام دی ہے۔

☆ چین نے امریکی اشیاء پر محصول بڑھا کر اسے 125 فیصد کر دیا ہے۔

☆ سنسیکس میں ایک ہزار 300 پوائنٹس سے زیادہ کا اضافہ ہوا۔ نفٹی-ففٹی میں بھی 400 سے زیادہ پوائنٹس کا اضافہ ہوا۔

☆ اور IPL کرکٹ میں، کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے میزبان چنئی سپر کنگز کے خلاف پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

PM MP Visit

وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ سرکار خدمت کے گہرے جذبے، سب کا ساتھ سب کا وکاس کے منتر اور غریبوں کو خوشحال بنانے کے عہد کے ساتھ کام کر رہی ہے۔

**S/B- 2100 PM on Sabka Saath Sabka Vikas**

مدھیہ پردیش کے **Isagarh** میں شری آنند پور دھام کے عقیدتمندوں سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے محروم طبقوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے کے لیے حکومت کی کوششوں کے حصے کے طور پر پردھان منتری غریب کلیان یوجنا، آیوشمان بھارت، پردھان منتری آواس یوجنا اور جل جیون مشن سمیت بہبود کی مختلف اہم اسکیموں کا ذکر کیا۔

**S/B-2100 PM- Schemes**

انہوں نے ایک پیڑ ماں کے نام کے عنوان سے ماحولیات سے متعلق ایک نئی پہل کا بھی اعلان کیا، جس میں شہریوں سے زور دے کر کہا گیا ہے کہ وہ اپنی ماں کے اعزاز میں پیڑ لگائیں۔ جنگ، انتشار اور انسانی اقدار کی پامالی جیسے عالمی چیلنجوں کے دوران جناب مودی نے کہا کہ دنیا جواب طلب کر رہی ہے اور یہ کہ **Advaita** کے فلسفے نے آگے بڑھنے کی پیشکش کی ہے۔

اِس سے پہلے دن میں، وزیراعظم نے **Paramhans Advaita** فرقے کے مندروں کا دورہ کیا، روحانی لیڈروں سے ملاقات کی اور ست سنگ میں شامل ہوئے۔ مدھیہ پردیش کے وزیراعلیٰ موہن یادو، مرکزی وزیر جیوترآدتیہ سندھیا اور ریاستی **BJP** صدر **BD** شرما سمیت کئی معزز شخصیات نے اِس پروگرام میں شرکت کی۔×

**Add PM MP Visit**

اس سے پہلے، وزیراعظم نریندر مودی نے اتر پردیش کے وارانسی شہر میں مہدی گنج کے مقام پر تین ہزار **884** کروڑ روپے مالیت کے **44** پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ ان پروجیکٹوں میں سڑک سے متعلق بنیادی ڈھانچے، بجلی، تعلیم اور سیاحت کے فروغ سمیت کئی پروجیکٹ شامل ہیں، جس کا مقصد خطے کی مجموعی ترقی کو وسعت دینا ہے۔×

**Amit Shah**

مرکزی وزیر داخلہ اور بھارتی جنتا پارٹی کے لیڈر امت شاہ نے آج کہا ہے کہ بی جے پی **2026** تمل ناڈو اسمبلی انتخابات ایک اتحاد کے حصے کے طور پر لڑے گی جس کی قیادت آل انڈیا انّا **Dravida Munnetra Kazhagam (AIADMK)** کرے گی۔

**S/B Amit Shah Coalition**

چنئی میں اخبار نویسوں سے بات کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ نریندر مودی کی قیادت والی سرکار نے

تمل بولنے والے امیدواروں کو UPSC سِول سروسز کا امتحان تمل میں لکھنے کے لائق بنایا ہے جِس سے علاقائی زبانوں کو فروغ دینے کے مرکز کے عہد کی عکاسی ہوتی ہے۔

اُنہوں نے حکمراں Dravida Munnetra Kazhagam (DMK) سرکار پر الزام لگایا کہ وہ طلباء کو تمل زبان میں میڈیسن اور انجینئرنگ کی پڑھائی کرنے سے روک رہی ہے۔

انہوں نے یہ بھی الزام لگایا کہ وہ تین زبان کی پالیسی پر دوہرا معیار اپنا رہی ہے۔ جناب شاہ نے DMK اور کانگریس دونوں کی یہ کہتے ہوئے نکتہ چینی کی کہ یہ پارٹیاں عوام کی ضرورتوں سے بے خبر تھیں اور اپنے اپنے سیاسی ایجنڈوں پر توجہ مرکوز کئے ہوئے تھیں۔ X

## Shah J&K Hurriyat Organization

جموں وکشمیر کے سیاسی منظر نامے میں ایک اہم تبدیلی کے تحت جموں وکشمیر ماس موومینٹ نے جو پہلے حریت کانفرنس سے وابستہ تھی علیحدگی پسندی کو مسترد کرتے ہوئے بھارت کی یکجہتی کے ساتھ ہم آہنگ ہونے کا عہد کیا ہے۔ حریت سے وابستہ اب تک 12 تنظیمیں علیحدگی پسندی سے کنارہ کشی اختیار کر چکی ہیں اور انہوں نے بھارت کے آئین پر اعتماد کا اظہار کیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے یہ کہتے ہوئے اس اقدام کا خیرمقدم کیا ہے کہ موجودہ حکومت کے تحت جموں وکشمیر میں اتحاد کا جذبہ قائم ہے۔ انہوں نے اسے وزیراعظم نریندر مودی کے ایک بھارت سریشٹھ بھارت کے ویژن کی کامیابی قرار دیا۔

پچھلے ہفتے جموں وکشمیر اسلامی سیاسی پارٹی، جموں وکشمیر مسلم ڈیموکریٹک لیگ اور کشمیر فریڈم فرنٹ نے بھی خود کو حریت سے علیحدہ کر لیا تھا۔×

## President Slovakia

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو پرتگال اور سلوواکیہ کا کامیاب سرکاری دورے کے بعد وطن واپس آرہی ہیں۔ نئی دلی روانہ ہونے سے پہلے محترمہ مرمو نے سلوواکیہ کے Bratislava میں بھارتی تجارتی وفد کے ممبروں کے ساتھ ایک تعارفی میٹنگ میں شرکت کی۔ X

## Odisha Ayushman Bharat Yojana

صحت کے مرکزی وزیر جے پی نڈا نے آج اڈیشہ میں آیوشمان بھارت یوجنا کا آغاز کیا۔ کٹک میں Bali

**Yatra Ground** میں مذکورہ اسکیم کا آغاز کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ ملک میں کم و بیش **61** کروڑ لوگ اسکیموں کے فائدے حاصل کر رہے ہیں۔ جناب نڈا نے کہا کہ مرکز نے غریب لوگوں کے علاج معالجے پر گذشتہ چھ برسوں میں ایک اعشاریہ دو چھ لاکھ کروڑ روپے خرچ کیے ہیں۔ آیوشمان بھارت یوجنا ریاست میں اڈیشہ حکومت کی **Gopabandhu** جن آروگیہ یوجنا کے ساتھ ساتھ نافذ کی جائے گی۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C - Prakash Dash**

اڈیشہ حکومت نے اڈیشہ کی **Gopabandhu** جن آروگیہ یوجنا کے ساتھ آیوشمان بھارت پردھان منتری جن آروگیہ یوجنا کو مربوط بنائے جانے کے لیے مرکز کے ساتھ مفاہمت کے ایک اقرارنامے پر دستخط کیے ہیں۔ اِس مربوطی سے ریاست میں قبائلی افراد کے غیرمعمولی فیصد سمیت ایک اعشاریہ صفر آٹھ کروڑ کنبوں کے تقریباً تین اعشاریہ پانچ دو کروڑ لوگوں کا مشترکہ اسکیم کے تحت احاطہ کیا جائے گا۔ یہ مشترکہ اسکیم خواتین ممبروں کے لیے پانچ لاکھ روپے کی اضافی رقم کے ساتھ سالانہ فی کنبے کو پانچ لاکھ روپے کا صحت کوور فراہم کرے گی۔ آیوشمان **Vaya Vandana Yojana** کے تحت **70** سال سے زیادہ عمر کے معمر شہریوں کا علاج مفت کیا جائے گا۔

مستفیدین **29** ہزار سے زیادہ سرکاری اور ملک بھر کے پینل میں شامل پرائیویٹ اسپتالوں میں نقد رقم کے بغیر علاج کا فائدہ حاصل کر سکیں گے۔ وزیر اعلیٰ موہن چرن ماجھی، قبائلی امور کے مرکزی وزیر جوول اورام، اڈیشہ کے صحت کے وزیر مکیش مہالنگ سمیت متعدد شخصیات آیوشمان بھارت کے آغاز کی اس تقریب میں موجود تھے۔

بھوبنیشور سے پرکاش داش کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں ..............................

## J&K Terrorist Killed

جموں و کشمیر کے کشتواڑ ضلعے میں آج مشترکہ سکیورٹی فورسز کی ایک ٹیم نے دہشت گردوں کے خلاف ایک کارروائی میں ایک دہشت گرد کو ہلاک کر دیا۔ خفیہ معلومات کی بنیاد پر تلاش اور آپریشن کو انجام دینے والی ایک مشترکہ ٹیم نے بدھ کے روز ضلعے کے **Chatroo** جنگلاتی علاقے میں کارروائی کا آغاز کیا تھا۔ اب تک ایک دہشت گرد مارا گیا ہے۔

مڈبھیڑ ابھی جاری ہے مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔×

## DRDO Gaurav

دفاعی تحقیق اور ترقی کی تنظیم **DRDO** نے مقامی طور پر تیار کئے گئے طویل دوری کے گلائیڈ بم، گورو کی کامیاب آزمائش مکمل کرلی ہے۔ اِس کا تجربہ **Su-30 MKI** طیارے سے کیا گیا۔ اس تجربے سے تقریباً **100**

کلومیٹر کی دوری تک کے ٹھکانوں پر صحیح نشانہ لگانے کی ہتھیار کی صلاحیت کا مظاہرہ ہوتا ہے۔ یہ بھارت کے اسلحہ خانے میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔

گورو، ایک، ہزار کلوگرام گلائیڈ بم ہے، جِسے تحقیقی مرکز امارت **RCI**، اسلحہ جات کی تحقیق اور ترقی کے ادارے **ARDE** اور مربوط ٹیسٹ رینج **ITR** نے چاندی پور میں تیار کیا ہے۔ **DRDO** اور بھارتی فضائیہ ***IAF*** کے سینئر اہلکار آزمائش کے دوران موجود تھے جنہوں نے سسٹم کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے گورو کی کامیابی کیلئے **DRDO**، **IAF** اور صنعتی شراکتداروں کے رول کی ستائش کی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ یہ جدید ہتھیار مسلح افواج کی صلاحیتوں میں خاطر خواہ اضافہ کرے گا۔

**DRDO** کے چیئرمین ڈاکٹر سمیر وی کامت نے بھی کامیاب آزمائش کیلئے ٹیم کو مبارکباد دی ہے اور گھریلوں دفاعی اختراع میں اِسے ایک اہم قدم قرار دیا ہے۔**X**

## Niti Aayog

نیتی آیوگ نے آج آٹو میٹیو صنعت: عالمی ویلیو چین میں بھارت کی شراکتداری کو مستحکم کرنا، نامی ایک رپورٹ جاری کی ہے۔ اس رپورٹ میں عالمی آٹومیٹیو بازاروں میں بھارت کے رول کو مستحکم کرنے کی حکمت عملی پیش کی گئی ہے۔ نیتی آیوگ کے نائب چیئرمین سمن بیری اور **CEO** بی وی آر سبرامنیم نے یہ رپورٹ جاری کی۔ اس رپورٹ میں اس شعبے کے مواقع اور چیلنجوں کا تجزیہ اور عالمی پیمانے پر مقابلے کو بہتر کرنے کیلئے مالی اور غیر مالی مداخلت تجویز کی گئی ہے۔

**2023** میں عالمی آٹوموبائل کی پیداوار تقریباً **94** بلین ڈالر تک پہنچ گئی ، جبکہ آٹو کے ترکیبی اجزاء کے مارکیٹ دو ٹریلین ڈالر تک پہنچ گئے ۔ گاڑیاں تیار کرنے میں عالمی پیمانے پر بھارت چوتھے مقام پر ہے جو تقریباً چھ بلین یونٹس تیار کرتا ہے۔

بھارت صرف چین، امریکہ اور جاپان سے پیچھے ہے۔ رپورٹ میں چھوٹی کار اور **Utility** گاڑیوں کے شعبے میں بھارت کے بڑھتے ہوئے رول پر زور دیا گیا ہے اور میک ان انڈیا اقدام کے تحت مینوفیکچرنگ اور برآمدات کے مرکز کے طور پر اُس کی صلاحیت کو اُجاگر کیا گیاہے۔**X**

## Delhi Dust Storm

قومی راجدھانی دلی میں آج شام موسم میں اچانک تبدیلی کے بعد دھول بھری آندھی چلی۔ شہر میں ہلکی بارش ہوئی جس سے درجۂ حرارت میں کمی آگئی اور پچھلے کچھ دنوں سے جاری شدید گرمی سے لوگوں کو قدرِ راحت ملی۔ شہر

میں کئی جگہوں پر پیڑ گرنے سے ٹریفک میں رخنہ پڑا۔ پروازوں کے آنے جانے پر بھی اس کا اثر پڑا۔ کل 15 پروزوں کے راستے تبدیل کر دیئے گئے اور دھول بھری آندھی اور تیز ہواؤں کی وجہ سے دلی ہوائی اڈے پر کئی پروازوں میں تاخیر ہوئی۔×

## Mumbai Waves 2025

اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر جناب اشونی ویشنو نے آج ممبئی میں بتایا ہے کہ مہاراشٹر نے تشکیل دینے والے سیکٹر سے ابھرتی ہوئی معیشت میں نہایت اہم پوزیشن حاصل کی ہے اور تیزی سے بدلتی ہوئی ٹکنالوجی کے اس دور میں اس پوزیشن کو برقرار رکھنے کے مقصد سے ممبئی میں Waves 2025 منعقد کیا جا رہا ہے۔ وزیرموصوف، وزیراعلیٰ دیویندر فڈنویس کے ہمراہ Waves کےتعلق سے تیاریوں کا جائزہ لینے کے بعد نامہ نگاروں سے اظہار خیال کر رہے تھے۔×

## I&B Competiton

اطلاعات و نشریات کی وزارت نے بھارتی موسیقی انڈسٹری کے اشتراک سے آج موسیقی مقابلے میں جیت حاصل کرنے والوں کے نام کا اعلان کیا۔ یہ مقابلہ Waves 2025، Create in India چیلنج کا حصہ تھا۔

کولکاتہ کے کنال کنڈو اور Allapp Sardarh نے پہلا مقام حاصل کیا جبکہ پانچ دوسرے، دوسرے مقام پر رہے، جن میں مہاراشٹر کے دو اورتمل ناڈو سے تین افراد شامل ہیں۔×

## China Us Tariff

چین کی وزارت خزانہ نے آج اعلان کیا ہے کہ اس نے امریکی ساز و سامان پر اضافی محصولات کو 84 فیصد سے بڑھاکر 125 فیصد کر دیا ہے۔ ایک بیان میں وزارت نے کہا ہے کہ امریکہ کی طرف سے چین پر بہت ہی زیادہ محصولات عائد کرنا بین الاقوامی اقتصادی اور تجارتی قوانین کی سنگین خلاف ورزی کے مترادف ہے اور یہ دباؤ اور دھمکانے کی یکطرفہ کارروائی ہے۔

سرمایہ کار اس بات کا انتظار کررہے ہیں کہ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے اقدام کا چین کس طرح جواب دے گا۔ امریکہ نے بدھ کے روز چینی ساز وسامان پر 145 فیصد محصولات کا اعلان کیا تھا۔ X

### Forex Reserves

بھارتی ریزرو بینک کے مطابق بھارت کے غیر ملکی زرِ مبادلہ کے ذخائر چار اپریل کو ختم ہونے والے ہفتے میں 10 اعشاریہ آٹھ بلین ڈالر کے اضافے کے ساتھ 676 اعشاریہ دو بلین ڈالر ہو گئے۔
غیر ملکی کرنسی کے اثاثے، نو اعشاریہ صفر سات بلین ڈالر کے اضافے کے ساتھ 574 بلین ڈالر ہوگئے ہیں، جبکہ سونے کے ذخائر میں ایک اعشاریہ پانچ چھ بلین ڈالر کا اضافہ ہوکر یہ 79 اعشاریہ تین چھ بلین ڈالر ہوگئے۔X

### India Italy Trade

کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت اور اٹلی مختلف سیکٹروں میں بااثر شراکت داری کو فروغ دینے اور اہمیت کی حامل اپنی شراکت داری کو جامع اسٹریٹیجک شراکت داری تک بڑھانے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ اٹلی کی نائب وزیراعظم اور خارجی امور کی وزیر Antonio Tejani کے ساتھ آج شام نئی دلی میں ایک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب گوئل نے کہا کہ موجودہ باہمی تجارت سے جو فی الحال 15 بلین ڈالرس کی ہے جامع اسٹریٹیجک تعلقات فروغ پائیں گے۔×

### Evacuation Order

اسرائیلی ڈیفنس فورس IDF نے غزہ کے مشرقی شہر کے پڑوس میں رہنے والے کئی بستیوں کے لیے آج ایک فوری ہدایت جاری کی ہے کہ علاقے میں فوجی آپریشن میں تیزی لائیں۔ سوشل میڈیا پوسٹ کے ایک پیغام میں IDF کے ترجمان Avichay Adraee نے شہریوں کو اُنکی حفاظت کے لیے مغرب کی طرف کوچ کرنے کو کہا ہے۔ مزید کہا ہے کہ IDF اِن علاقوں میں دہشت گردوں کے بنیادی ڈھانچوں کو ختم کرنے کے لیے تیزی سے کام کر رہی ہے۔ اسی دوران IDF نے اطلاع دی ہے کہ اُس نے حماس کے ایک فوجی احمد الیاد محمد کو مار دیا ہے۔×

### Dominican Republic Death Toll

Dominican Republic کی راجدھانی Santo Domingo میں ایک مشہور نائٹ کلب کی چھت گرنے کے واقعے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 221 ہو گئی ہے۔ حکام نے بتایا ہے کہ تلاش اور بچاؤ کارروائیاں ختم ہو گئی ہیں۔ Dominica کی حکومت نے اس مشہور مقام کی چھت گرنے کی وجہوں کی پتا لگانے کے لیے قومی اور بین الاقوامی ماہرین کی ایک ٹیم تشکیل دیئے جانے کو منظوری دے دی ہے۔ یہ حادثہ مشہور و معروف گلوکار Rubby Perez کی لائیو پرفارمینس کے دوران منگل کی رات کو پیش آیا تھا۔ 69 سالہ آرٹسٹ عمارت کے منہدم

ہونے میں مرنے والوں میں شامل ہیں۔ چھت گرنے کے وقت کلب میں سینکڑوں لوگ موجود تھے۔ مختلف سیاستداں، ایتھلیٹس اور دیگر سرکردہ شخصیات اِس کنسرٹ میں شرکت کر رہی تھیں۔×

## Sensex

امریکہ کی طرف سے جوابی کارروائی کے طور پر عائد محصولات پر عارضی روک کے درمیان آج بھارتی حصص اشاریے اضافے کے ساتھ بند ہوئے۔

BSE سینسکس میں ایک ہزار 310 پوائنٹس یا ایک اعشاریہ سات سات فیصد کا اضافہ ہوکر 75 ہزار 157 پر بند ہوا۔

NSE نفٹی۔ 50 میں بھی 429 پوائنٹس یا ایک اعشاریہ نو دو فیصد کا اضافہ ہوکر 22 ہزار 829 پر بند ہوا۔

BSE Mid-Cap اشاریے میں ایک اعشاریہ آٹھ فیصد جبکہ Small-Cap اشاریے میں تین فیصد کا اضافہ ہوا۔

30 اسٹاکس میں سے 28 میں اضافہ درج کیا گیا اور سب سے زیادہ اضافہ ٹاٹا اسٹیل میں چار اعشاریہ نو فیصد کا ہوا۔

پاور گرڈ میں تین اعشاریہ سات فیصد اور NTPC میں تین اعشاریہ دو فیصد کا اضافہ ہوا۔

Asian پینٹس میں صفر اعشاریہ سات اور TCS میں صفر اعشاریہ چار تین فیصد کی گراوٹ درج کی گئی۔X

## IPL Cricket

IPL ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں چنئی سپر کنگس نے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کے سامنے جیت کیلئے 104 رن کا نشانہ رکھا ہے۔ یہ میچ چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں کھیلا جارہا ہے۔

اس سے پہلے کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔

چنئی کی ٹیم مقررہ 20 اوورس میں 9 وکٹ پر 103 رن ہی بنا سکی۔ X